Lesson No. 12
Hitch Hiking Across the Sahara
سہارا کا مشکل پیدل سفر

Sir James Jeans

Words Meanings

Words	Synonyms	Urdu Meanings
Giant	Monster	جن
Uninhabitated	Unpopulated	غیر آباد علاقہ
Foster Mother	Nurse	پالنے والی ماں
Trans	Across	کے پار
Agonising	Painful	تکلیف دہ
Legion	Army	فوج
Vigilant	Attentive	ہوشیار
Leisurely	Easily	بے فکری سے
Uncanny	Remarkable	اہم - حیران کن
Mesh	Net	جالی
Arduous	Laborious	محنت والا کام
Dune	Heap, Hill	چوٹی - ٹیلہ
Grim	Dreadful	خوفناک
Hop	Jump	کودنا
Pound	Strike	کوٹنا
Oasis	Gardens	باغات
Ammunition	Arms	اسلحہ وغیرہ
Shiver	Shake	کانپنا
Collapse	Faint	بے ہوش ہونا
Blazing	Burning	تپتی ہوئی
Luxuriant	Having luxury, enough	کثیر، بہت زیادہ
Strangle-hold	Trap	پھندا

Complete Urdu Translation

مکمل اُردو ترجمہ

If a giant were to pick England up and put it down in the middle of the Sahara desert, we should have quite a task to find it. The full Sahara area, stretching almost the complete width of North Africa, is many times the size of Great Britain.

اگر کوئی جن انگلینڈ کو اٹھا کر صحارا صحرا کے درمیان میں رکھ دیتا تو اسے ڈھونڈنا ہمارے لیے خاصا مشکل کام ہوتا۔ شمالی افریقہ کی قریباً مکمل چوڑائی پر پھیلا ہوا صحارا، عظیم برطانیہ سے حجم میں کئی گناہ بڑا ہے۔

About half of this gigantic area is mainly under French control. Very recently indeed, the discovery of oil beneath the sand has begun to bring changes: but less than three years ago most of the area had for countless years consisted of immense stretches of barren sand, intensely hot during the day, with few water wells and little vegetation. Large parts were almost uninhabited. In other parts there were just a few towns very widely scattered, and occasional wandering tribes of Arabs or Berbers.

Hardly the land, one would think, in which to go hitch-hiking. Yet this was just the mode of travel that Robert Christopher, a young American, decided to adopt in the Sahara crossing which he began in 1956.

اس بہت بڑے علاقے کا قریباً آدھا حصہ فرانس کے قبضہ میں ہے۔ حال ہی میں، بلاشبہ ریت کے نیچے تیل کی دریافت کی وجہ سے تبدیلیاں شروع ہو گئی ہیں لیکن تین سال سے کم عرصہ پہلے، زیادہ تر علاقہ بنجر ریت کے بڑے قطعات پر مشتمل تھا۔ جو دن کے دوران شدید گرم ہوتے ہیں اور جہاں پانی کے چند کنوئیں اور بہت تھوڑا سبزہ ہے۔ بڑے بڑے حصے غیر آباد تھے۔ دوسرے حصے دور تک بکھرے ہوئے چند قصبے تھے اور کبھی کبھار عربوں اور بربروں کے خانہ بدوش قبائل نظر آتے تھے۔ ایسی زمین پر پیدل سفر کرنے کے متعلق بمشکل ہی کوئی سوچ سکتا ہے۔ مگر اسی طریقہ کے

تحت ایک امریکی نوجوان رابرٹ کرسٹوفر نے صحارا میں سفر کرنے کا فیصلہ کیا، جس کو اس نے 1956ء میں عبور کرنا شروع کیا۔

When he was a child, every time he was naughty, his foster-mother used to threaten to send him to Timbuktu (an ancient city in the heart of French Africa). Instead of alarming him, the idea aroused in him a keen desire to see this distant place.
By the time he was a young man he was firmly gripped by the wanderlust. His first adventure was to go round the world at the cost of eighty dollars (about £ 28). After this, he determined that his next journey should be to travel right across the Sahara from Algeirs, on the north coast of Africa, to Timbuktu, which is near the river Niger in the extreme south of the great desert.

جب وہ بچہ تھا اور ہر بار جب وہ شرارت کرتا تو اس کی دائی (پالنے والی ماں) اس کو Timbukhtu ٹمبکٹو بھیجنے کا کہہ کر ڈراتی تھی۔ اس سے ڈرنے کی بجائے اس کے دل میں شدید خواہش پیدا ہوگئی کہ وہ اس دور کی جگہ کو دیکھے۔ جب وہ جوان ہوا تو گھومنے پھرنے کی خواہش نے اس کو گرفت میں لے لیا تھا۔ اس کی پہلی مہم دنیا کے گرد اسی ڈالر (قریباً 25 پونڈ) میں چکر لگانے کی تھی۔ اس کے بعد اس نے ارادہ کر لیا کہ اس کا اگلا سفر افریقہ کے شمالی ساحل پر الجیرز سے لے صحارا پار کر Timbuktu تک سفر کرنا ہوگا۔ جو عظیم صحرا کے انتہائی جنوب میں دریائے نائیجر کے قریب تھا۔

The trans-Sahara journey began at a little town, Boussaada, known to the natives as the "Port of the Sahara," for it is here that the desert really starts. Christopher discovered that a desert truck was leaving for the south shortly, and he arranged with the driver to be given a lift as far as it went. The conditions were agonizing. Three men - driver, greaser and passenger - sat side by side in the front seat, travelling at a bare 32 kilometres an hour, while the temperature rose steadily. In two hours a flask of cold water became hot enough to make tea.

صحارا کے پار کا سفر ایک چھوٹے قصبے بوسادہ سے شروع ہوا جو مقامی لوگوں میں "صحارا کی بندرگاہ" کے طور پر مشہور ہے کیونکہ حقیقت میں صحارا یہیں سے شروع ہوتا ہے۔ کرسٹوفر کو معلوم ہوا کہ ایک صحرائی ٹرک تھوڑی دیر میں جنوب کے لیے نکل رہا ہے اس نے ڈرائیور کے ساتھ

اسے Ghardaia کے قصبے میں اتارا گیا۔ ایک مخصوص صحرائی شہر، جس کی مکھیاں کسی بھی اور جگہ سے زیادہ اور چپکنے والی تھیں۔ کرسٹوفر کہتا ہے "کوئی چیز جس کا خوراک سے کوئی تعلق ہو، لگاتار اور مکمل طور پر مکھیوں سے ڈھکی ہوتی ہے اور وہ خوراک کے ساتھ آپ کے منہ کے اندر تک جانے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کرتیں، اور میں تب تک چوکس رہتا جب تک نوالہ میرے دانتوں کے پیچھے نہ چلا جاتا۔ میں نے گلی میں کافی بچے دیکھے، مگر میں معمولی سا خیال کر سکتا ہوں کہ وہ کیسے نظر آتے تھے، کیونکہ ان سب نے مکھیوں کے ماسک (پردے) پہنے ہوئے تھے۔"

He was able to continue his hitch-hike to the south in the leisurely manner that was so typical of the desert. On the day of his arrival he discovered that there was a truck due to leave at once for El Golea. This truck was a new and powerful one, and carried all kinds of goods - pins and needles, sewing-machines, pots and pans, machine parts. It weighed ten tons.

وہ اپنا سفر جنوب کی جانب بے فکری سے کرتا رہا جو صحرائی سفر کا خاصہ ہوتی ہے۔ اپنی آمد کے دن ہی اسے معلوم ہوا کہ ایک ٹرک Elgolea کے لیے فوراً نکلنے والا ہے۔ یہ ایک نیا اور طاقتور ٹرک تھا اور اس پر ہر طرح کی چیزیں لدی ہوئی تھیں۔ Pins اور سوئیاں، سلائی مشین، برتن اور پرات، مشینی پرزے، اس کا وزن دس ٹن تھا۔

For about ten miles outside the town the road continued. Then it stopped. The route lay across an apparently trackless desert. None the less, the driver (named Hantout) picked his way with uncanny skill.

قصبے کے باہر تقریباً دس میل تک سڑک تھی۔ پھر یہ ختم ہو گئی۔ راستہ بے نشان صحرا میں سے تھا۔ تاہم ڈرائیور (جس کا نام Hantout تھا) غیر معمولی مہارت کے ساتھ اپنے راستے پر جا رہا تھا۔

It was difficult travelling. At times the sand became too soft to bear the weight of the heavy truck. It was then necessary to stop at once. If the wheels had been allowed to spin they would have dug themselves deeper. Ten-foot strips of steel mesh were dragged from the truck and placed together to make a runway for the wheels to bite on as the truck moved. When it reached harder ground the strips were collected up and dragged forward to the waiting truck. Christopher performed

useful service in helping the greaser with this arduous operation.

یہ ایک مشکل سفر تھا۔ بعض اوقات ریت اتنی نرم ہو جاتی کہ بھاری ٹرک کا وزن نہ سہار سکتی۔ تب فورا رکنا لازمی ہو جاتا۔ اگر پہیوں کو گھومنے دیا جاتا تو وہ ریت میں گہرے ہوتے چلے جاتے۔ فولادی جالی کی دس فٹ لمبی پٹیاں ٹرک سے گھسیٹ کر نکالی جاتیں اور پختہ راستہ بنانے کے لیے پہیوں کے آگے بچھا دیا جاتا تھا تاکہ جب ٹرک آگے بڑھے تو ٹائر اس پر گرفت پکڑے۔ جب ٹرک ذرا سخت زمین پر پہنچتا تو ان پٹیوں کو سمیٹ لیا جاتا اور انتظار کرتے ہوئے ٹرک میں رکھ دیا جاتا۔ کرسٹوفر نے اس مشکل کام میں تیل ڈالنے والے کی مفت مدد کی۔

The driver added to the discomfort of **the** journey by relating details of a recent case in which three English people **had attempted** to cross a part of the desert in a car with only one day's water-supply. Their car had become stuck in a sand dune, and three days later their bodies were found dried up like leaves. They had drained the radiator in their desperate thirst, and one of them tried to drain the oil from the crank-case. Hantout had been one of the search party, and he spared his listener none of the grim details.

The story came vividly to Christopher's mind on the second morning. The greaser announced that one of the two goatskin bags of water had burst during the night. Even if everything went well, the rest of the journey would not be pleasant.

ڈرائیور نے ایک حالیہ واقعہ کی تفصیلات بتا کر سفر کی پریشانیوں میں اضافہ کر دیا۔ جس میں تین انگریزوں نے صرف ایک دن کے پانی کے ذخیرے کے ساتھ کار میں صحرا کے ایک حصے کو پار کرنے کی کوشش کی۔ ان کی کار ریت کے ایک ٹیلے میں پھنس گئی اور تین دن بعد ان کے جسم پتوں کی طرح سوکھے ہوئے پائے گئے۔ شدید پیاس میں ریڈی ایٹر والا پانی پی گئے تھے۔ ان میں سے ایک نے تو Crankcase میں سے تیل پینے کی کوشش کی۔ Hantout تلاش کرنے والی ٹیم میں شامل تھا۔ اس نے اپنے سننے والے کو واقعہ کی خوفناک تفصیل بتائے بغیر نہ چھوڑا۔ دوسری صبح یہ کہانی کرسٹوفر کے دماغ میں واضح طور پر آئی۔ تیل دینے والے نے بتایا کہ بکری کی کھال کے دو پانی کے

مشکیزوں میں سے ایک رات کے دوران پھٹ گیا۔ حتیٰ کہ اگر سب کچھ ٹھیک بھی رہا تو باقی کا سفر خوشگوار نہیں ہو گا۔

An outpost with a water-supply was found on one of Christopher's maps, and they set off towards it. By dawn they had gone fifty miles and dug out of five more sand dunes. Christopher was sick with thirst; and to add to his misery he .had jumped bare-footed from the driver's cabin on one occasion, not realizing the intense heat of
the sand. It was as if he had jumped into a bed of hot coals. With a scream of Pam he hopped back into the truck.
Meanwhile, his thirst grew fiercer.
"Everything was dead and dry and hot.... My mind was foggy. I was on fire,
the inside of my head felt dried up, and my lungs hurt from the hot air......There
were times when I tried to make myself faint, but my head was pounding with such pain that it kept me conscious."
The outpost was discovered at last and it contained a well full of cool water. They drank until they could drink no more.
They certainly needed it. The heat was incredible. In the shade of the mud house the temperature reached 130°F, while out on the sand the thermometer registered 165°F, which is nearly thirty degrees higher than the highest temperature officially recorded.

کرسٹوفر کے نقشوں میں سے ایک پر آبادی سے دور ایک جگہ پانی کا پتہ چلا اور وہ اس کی طرف چل دیئے۔ صبح سویرے تک انہوں نے پانچ ریت کے ٹیلوں میں سے راستہ تلاش کرتے ہوئے پچاس میل کا سفر طے کر لیا تھا۔ کرسٹوفر پیاس سے بے حال تھا اور تکلیف میں مزید اضافہ یوں کیا کہ ایک موقع پر اس نے ڈرائیور کی سیٹ سے ننگے پاؤں ریت کی گرمی کو جانے بغیر چھلانگ لگا دی۔ یہ بالکل ایسے ہی تھا جیسے اس نے جلتے کوئلوں کے بستر پر چھلانگ لگا دی ہو۔ درد کی چیخ کے ساتھ اس نے واپس ٹرک میں چھلانگ لگائی۔ اسی دوران اس کی پیاس مزید شدید ہو گئی۔ "ہر چیز مردہ، خشک اور گرم تھی۔۔۔۔۔ میرا ذہن دھندلا گیا جیسے میں آگ پر تھا۔ میرے دماغ کا اندرونی حصہ خشک محسوس ہو رہا تھا۔۔۔۔ اور میرے پھیپھڑے گرم ہوا سے زخمی ہو چکے تھے۔ کئی بار میں نے خود کو

بے ہوش کرنے کی کوشش کی۔ مگر میرے سر پر ضربیں لگ رہی تھیں اور انہوں نے مجھے ہوش میں رکھا۔ دور کی آبادی تلاش کر لی گئی تھی اور اس میں ٹھنڈے پانی سے بھرا ایک کنواں تھا۔ انہوں نے خوب پانی پیا یہاں تک کہ وہ مزید نہیں پی سکتے تھے۔ انہیں یقیناً اس کی ضرورت تھی۔ گرمی ناقابل یقین تھی۔ کچے مکانوں میں درجہ حرارت 130 فارن ہائیٹ تک پہنچ گیا۔ جبکہ ہر ریت پر تھرما میٹر نے درجہ حرارت 165 فارن ہائیٹ ظاہر کیا۔ جو سرکاری طور پر درج کیے گئے درجہ حرارت سے قریباً 30 ڈگری اوپر تھا۔

El Golea, a hundred miles on, was reached without further mishap. It was a fascinating little town, a true oasis, with so much water available that they hardly knew what to do with it. Every day o{ the week that he was there Christopher spent hours bathing in a little pool half a kilometer from the centre of the town, shaded by palm-trees and fruit-trees, or lying on the cool grass beside the pool, watching the birds feasting on the dates. What a contrast from the desert all around it!.

The journey from El Golea to In Salah was not without its excitements. It was made in a heavy truck carrying ten tones of ammunition, driven by a particularly able and experienced driver who made his way across the apparently trackless desert, was a source of constant amazement to Christopher.

During the next day Christopher suffered one of his worst experiences. Bahemed assured him that it would be a good thing to mix a little wine with his water. Christopher was doubtful, but he risked it.

El Golea جو چھ سو میل آگے تھا، وہ مزید کسی مصیبت کے بغیر پہنچ گیا۔ یہ ایک دلکش چھوٹا سا قصبہ تھا، ایک صحیح باغ، یہاں اتنا پانی دستیاب تھا کہ انہیں بمشکل ہی پتہ تھا اس کے ساتھ وہ کیا کریں۔ جب تک وہ وہاں تھا تو ہفتے کے ہر دن کرسٹوفر شہر کے وسط میں، آدھے میل کے فاصلے پر ایک چھوٹے تالاب میں گھنٹوں نہاتا، اس تالاب پر کھجوروں اور دوسرے پھلوں والے درخت سایہ کیے ہوتے تھے۔ وہ تالاب کے قریب ٹھنڈی گھاس پر پڑا رہتا تھا اور پرندوں کو کھجوروں کی دعوت اڑاتے دیکھتا۔ اس جگہ کا ارد گرد کے صحرا سے کتنا فرق تھا۔ El Golea سے InSalah تک کا سفر جوش سے خالی نہ تھا، یہ سفر ایک بھاری ٹرک میں کیا گیا جس پر دس ٹن اسلحہ لدا ہوا تھا اور

جسے خاص طور پر ایک قابل اور تجربہ کار Behamed نامی ڈرائیور چلا رہا تھا۔ ظاہری طور پر بے نشان صحرا میں اپنا راستہ ڈھونڈ نکالنے سے متعلق اس کی ذہانت کرسٹوفر کے لیے مستقل حیرانی کا سبب بنی ہوئی تھی۔ اگلے دن کے دوران کرسٹوفر کا اپنے بدترین تجربات سے پالا پڑا۔ Behamed نے اسے یقین دلایا کہ اپنے پانی میں شراب ملانا تھوڑا سا بہتر ہو گا۔ کرسٹوفر کو شک تھا مگر اس نے خطرہ مول لے لیا۔

The result was disastrous. During the heat of the day they were lying in the shade of the truck, the two Arabians asleep. Wanting something from the driver's cabin, he got up to get it. As he was climbing up he was suddenly overcome by a strange sickness. His head started to pound, and he found himself shivering violently. He knew he was going to collapse, so he made a desperate effort to avoid the blazing sand. His fall as he blacked out, fortunately, woke the other two, and they dragged him completely into the shade.

For an hour he could not speak. His two companions took off their turbans and poured water on them, using them to rub his body gently in order to keep his temperature down. When he recovered his senses they gave him as much water as he could drink.

نتیجہ تباہ کن تھا۔ دن کی تپش کے دوران ٹرک کے سائے میں لیٹے ہوئے تھے۔ دونوں عربی سوئے ہوئے تھے۔ ڈرائیور کے کیبن (ڈبے) سے اس کو کسی چیز کی ضرورت پڑی۔ وہ اسے لینے کے لیے اٹھا، جب وہ اوپر چڑھ رہا تھا۔ تو اس پر عجیب سی بیماری طاری ہو گئی۔ اس کے سر میں درد کی ضربیں لگ رہی تھیں اور وہ شدید کانپ رہا تھا۔ اسے معلوم ہو گیا تھا کہ وہ گرنے والا تھا۔ پس اس نے دہکتی ہوئی ریت سے بچنے کی کوشش کی۔ جب اس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھایا اور وہ گر گیا، خوش قسمتی سے اس کے گرنے سے باقی دونوں جاگ گئے اور وہ اسے گھسیٹ کر مکمل سائے میں لے گئے۔ وہ ایک گھنٹے تک بول نہ سکا۔ اس کے دونوں ساتھیوں نے اپنی پگڑیاں اتاریں ایک پر پانی ڈالا اور اس کے جسم کا درجہ حرارت کم رکھنے کے لیے وہ پگڑیوں سے اس کے جسم پر آہستہ آہستہ مساج کرنے لگے۔ جب وہ ہوش میں آیا تو انہوں نے اسے اتنا پانی دیا جتنا وہ پی سکتا تھا۔

The quality of the water is not the only respect in which In Salah differs from El Golea. The latter town, with its shady swimming-pools and its luxuriant trees and plants, has triumphed over the barrenness of the desert. In Salah is fighting a desperate battle for survival, and perhaps losing the contest. The sand is constantly encroaching on the town.

"Parts of the town are being swallowed by the desert. It is a frightening thing to see. Man has tried by every means to hold it back, but in spite of his efforts, the desert keeps tightening its strangle-hold. Palm-trees that once lifted their branches high above the dunes are now like bushes, and some of them are completely covered. I bent down and picked dates off some of them. Many people have had to leave their homes. Storm fences do little, if any, good."

پانی کا معیار ہی وہ واحد چیز نہیں جس میں InSalah ، El Golea سے مختلف ہے۔ آخرالذکر (El Golea) قصبے نے اپنے تیراکی کے سایہ دار تالابوں ،اور اس کے گھنے درختوں اور پودوں سے صحرا کے ویرانے کو فتح کر لیا تھا۔ In Salah اپنی بقا کی جنگ لڑ رہا تھا اور شاید یہ مقابلہ ہار رہا تھا۔ ریت مسلسل قصبے پر قبضہ جماتی جا رہی ہے۔ صحرا قصبے کے حصوں کو نگل رہا ہے۔ اسے دیکھ کر خوف آتا ہے۔ انسان نے اسے ہر ذریعے سے روکنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن اس کی کوششوں کے باوجود صحرا اپنا پھندا مضبوط کیے جا رہا تھا۔ کھجوروں کے درخت جنھوں نے کبھی اپنی شاخوں کو ریت کے ٹیلوں سے کافی اونچا اٹھایا ہوا تھا اب جھاڑیوں کی طرح ہو گئے تھے اور ان میں سے کچھ تو مکمل طور پر ڈھک چکے تھے۔ میں نے جھک کر ان میں سے کچھ درختوں کی کھجوریں توڑیں۔ بہت سے لوگوں کو اپنے گھروں کو چھوڑنا پڑ رہا تھا۔ طوفان روکنے والی باڑ کا اگر فائدہ ہے بھی تو بہت تھوڑا۔

A truck was leaving shortly - a big, dirty, clumsy-looking oil-truck. This time the driver and greaser seemed reluctant to take him. Although they finally agreed, they did their best to go without him. It turned out that they believed him to be a Frenchman, and they disliked the French. When they found that he was American they became friendly at once.

ایک ٹرک تھوڑی دیر میں نکلنے والا تھا۔۔۔۔۔ ایک بڑا گندہ بد صورت تیل کا ٹرک۔ اس بار ڈرائیور اور تیل ڈالنے والا اسے (کرسٹوفر کو) اپنے ساتھ لے جانے میں ہچکچاتے دکھائی دیتے تھے۔ اگرچہ آخر میں وہ مان گئے، مگر انہوں نے اس کے بغیر جانے کی پوری کوشش کی۔ پتہ یہ چلا کہ وہ اسے فرانسیسی سمجھے تھے۔ اور وہ فرانسیسیوں کو ناپسند کرتے تھے۔ جب انہیں پتہ چلا کہ وہ امریکی ہے تو وہ فوراً دوستانہ ہو گئے۔

It was unbearably stifling in the driver's cabin. Christopher was completely overcome at one point, and when a midday stop was made at a little mud-building outpost, he staggered inside, to the astonishment of the French officer quartered there, and lay down on the floor to be ill. Fortunately, he had recovered by the evening, and was able to continue the truck journey.

ڈرائیور کی بیٹھنے کی جگہ پر بہت گھٹن تھی۔ ایک مقام پر کرسٹوفر مکمل طور پر ہمت ہار گیا اور جب دوپہر کے وقت کیچڑ کے بنے ایک مکان میں ٹھہراتو (وہ) لڑکھڑاتے ہوئے اندر گیا۔ وہاں پر متعین فرانس کے امیروں کو حیران چھوڑ کر فرش پر بیمار پڑ گیا۔ خوش قسمتی سے وہ شام تک ٹھیک ہو گیا اور ٹرک پر سفر جاری رکھنے کے قابل ہو گیا۔

Tamanrasset was reached at last; and here Christopher made one of his most valuable contacts. This was Professor Claude Balanguemon, a remarkable Frenchman who has devoted himself to helping the Tuareg people. He succeeded in convincing them that education would be useful to them. Then most wisely, he adapted himself to their habits and customs, so that he could help them to get the most from their own natural way of life, rather than persuade them to adopt Western habits unsuited to their land and traditions.

آخر کار وہ تمن راست پہنچ گئے، یہاں پر کرسٹوفر نے اپنے قابل قدر دوستوں میں سے ایک سے دوستی کی۔ یہ پروفیسر کلاڈ بیلنگرمن تھا، ایک غیر معمولی فرانسیسی جس نے خود کو تورگ لوگوں کے لیے وقف کر دیا تھا۔ وہ انہیں قائل کرنے میں کامیاب ہو گیا تعلیم ان کے لیے مفید ہو گی۔ پھر اس نے نہایت دانش مندی سے خود کو ان عادتوں اور رواجوں کے مطابق ڈھال لیا، تاکہ وہ اپنی زندگی میں قدرتی طریقوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے میں ان کی مدد کر سکے، بجائے اس کے

کہ وہ ان کو مغربی عادات اپنانے کی ترغیب دیتا جو ان کی سرزمین اور روایات کے لیے غیر موزوں تھیں۔

Balanguernon acted as Christopher's guide, host, and friend while he was in Tamanrasset. With his assistance Christopher was able to spend a week in the encampment of the Tuareg Amenokal (King), an experience which he found fascinating. The Tuaregs, though their life is primitive, are a people of great dignity, extreme honesty, high intelligence, and with quite an ancient history. In preparation for this visit Christopher learnt to ride a camel, a task which he found more difficult than it looks. During his first lesson he was thrown over the animal's head three times, and once over its rear.

It was on this formidable type of transport that he was to continue his Sahara journey. There were no more trucks.

بیلنگرنن نے کرسٹوفر کے رہنما، میزبان اور دوست کی حیثیت سے کام کیا جب تک وہ تمن راست میں مقیم رہا۔ اس کی مدد سے کرسٹوفر تورگ امینوکل (بادشاہ) کے خیموں میں ایک ہفتہ گزار سکا جو اس کے لیے ایک دلکش تجربہ تھا۔ تورگ، اگرچہ ان کی زندگی قدیم طرز کی ہے، اعلیٰ وقار، انتہائی دیانتداری اور اعلیٰ ذہانت کے حامل لوگ ہیں اور ان کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ اس ملاقات کی تیاری میں کرسٹوفر نے اونٹ کی سواری سیکھی، ایک کام جو جتنا مشکل دکھائی دیتا تھا، کرنے میں اس سے زیادہ مشکل تھا۔ اپنے پہلے سبق کے دوران اونٹ نے اسے تین مرتبہ سر کے اوپر سے گرایا اور ایک مرتبہ پیچھے سے گرایا۔ یہی وہ خوفناک سواری تھی جس پر اس نے اپنا صحارا کا سفر جاری رکھنا تھا۔ اب کوئی ٹرک نہیں تھا۔

Balanguernon arranged for one of his most educated pupils, a young Tuareg noble named Boubaker, to act as guide for the first few days of the 1280 kilometres journey from Tamanrasset to Timbuktu. The start was made at dawn, Boubaker and Christopher each on a camel, with a third carrying Christopher's supplies. It would probably be two or three weeks before the next village was reached, so it was essential for him to take enough food and drink to last that time. Out in the burning desert there are no villages to turn to if food runs short.

بیلنگرنن نے اپنے انتہائی پڑھے لکھے شاگردوں میں سے ایک کا انتظام کر لیا۔ایک نوجوان تورگ، جس کا نام بو بکر تھا۔ ثمن راست سے Timbuktu تک 1250 کلو میٹر کے سفر کے پہلے چند دنوں اس نے بطور رہنما کام کرتا تھا۔ آغاز صبح سویرے کیا گیا۔ بو بکر اور کرسٹوفر الگ الگ اونٹوں پر سوار تھے۔ جبکہ تیسرے اونٹ پر کرسٹوفر کا سامان لدا ہوا تھا۔ اگلے گاؤں پہنچنے تک شاید دو یا تین ہفتے لگ جائیں گے۔ اس لیے اس کے لیے ضروری تھا کہ وہ اپنے ساتھ اتنا سامان رکھے کہ جو اس وقت تک اس کے لیے کافی ہو۔ تپتے صحرا میں کوئی گاؤں نہیں تھے کہ اگر خوراک کم پڑ جائے تو ان (گاؤں) کا رخ کیا جائے۔

The most difficult and dangerous stage of the journey now had to be endured. It began when Christopher was handed over by the leader of a big caravan to a small group who were willing to go to Kidal, about 560 kilometres from Timbuktu. The little party, two Tuaregs, a slave, and Christopher, began by setting out to find a well which was on their route, in order to replenish their water-bags. They reached it at last and it was bone-dry.

اب سفر کے سب سے مشکل اور خطرناک ترین مرحلے کا سہنا تھا۔ یہ اس وقت شروع ہوا جب کرسٹوفر کے قافلے کے سردار نے کرسٹوفر کو ایک چھوٹے گروپ کے حوالے کیا جو کڈال کی طرف جانے کا ارادہ رکھتا تھا۔ جو کہ Timbuktu سے 560 کلو میٹر کے فاصلے پر ہے۔ اس چھوٹے سے گروپ جس میں دو تورگ غلام اور کرسٹوفر تھے، اس کنوئیں کو ڈھونڈنا شروع کیا جو ان کے راستے میں پڑتا تھا۔ وہاں انہوں نے اپنے مشکیزے دوبارہ بھرنے تھے۔ وہ آخر کار اس تک پہنچے مگر یہ بالکل خشک تھا۔

There was only one tin of food left in Christopher's pack, and the four of them shared the beans it contained. His guides carried no food at all, and very little water. By the time darkness came, Christopher's water-supply was down to one litre. At this point twenty large vultures were discovered, and these stood watching the travellers with interest "making up their minds whether they wanted white or dark meat for the meal they were sure they would soon by eating,"

The vultures were to be disappointed. The four men went to sleep early - a desert custom when travellers are hungry or

thirsty - and next morning were still alive. They had just enough water left to make one cup of tea each and then set off for the next waterhole, about five hours distant.

کرسٹوفر کے سامان میں صرف ایک ٹن خوراک باقی رہ گئی تھی اور وہ چاروں اکھٹے اس میں موجود پھلیاں کھانے میں شامل ہو گئے۔ اس کے رہنماؤں کے پاس بالکل خوراک نہ تھی اور بہت ہی تھوڑا پانی تھا۔ اندھیرا چھا جانے کے وقت تک کرسٹوفر کے پاس پانی کا ذخیرہ کم ہو کر ایک لٹر رہ گیا تھا۔ اس موقع پر 20 بڑے گدھ نظر آئے، اور وہ اس دلچسپی سے مسافروں کو دیکھ رہے تھے اور طے کر رہے تھے کہ سفید گوشت پہلے کھائیں یا کالا، جس کے بارے میں انہیں یقین تھا کہ تھوڑی دیر میں کھا رہے ہوں گے۔ گدھوں کو مایوس ہونا پڑا۔ چاروں آدمی جلدی سو گئے۔ یہ ایک صحرائی رواج ہے کہ جب مسافر بھوکے یا پیاسے ہوں ـــــ اگلی صبح ابھی تک زندہ تھے۔ ان کے پاس اتنا پانی رہ گیا تھا کہ ان کے لیے صرف چائے کا ایک ایک کپ بن سکے۔ پھر وہ قریباً پانچ گھنٹے کی مسافت پر واقع اگلے کنوئیں کے لیے روانہ ہو گئے۔

When they reached it, just before the hottest part of the day, they found that this too, like the previous hole, was completely dry. The next waterhole was two days away and the travellers now had neither food nor water.
The future looked grim.
There was just one chance of survival. One of the six camels could be killed. The decision was made - Christopher being asked to pay his share of the cost, to which he willingly agreed. Strangely enough, as soon as a camel was picked for the slaughter it seemed to know what was to happen and started screaming at the top of its voice.

دن کے گرم ترین حصے سے تھوڑی دیر پہلے جب وہ وہاں پہنچے تو انہیں معلوم ہوا کہ پچھلے کنوئیں کی طرح یہ بھی مکمل طور پر خشک تھا۔ اگلا کنواں دو دن کی دوری پر تھا اور مسافروں کے پاس اب نہ کھانا تھا اور نہ پانی تھا۔ مستقبل خوفناک دکھائی دے رہا تھا۔ زندہ رہنے کا صرف ایک موقع تھا۔ چھ اونٹوں میں ایک کو ذبح کیا جا سکتا تھا۔ فیصلہ ہو گیا۔۔۔ کرسٹوفر کو اپنے حصے کی قیمت ادا کرنے کو کہا

گیا۔ جس کے لیے وہ مان گیا۔ کافی عجیب بات تھی کہ جیسے ہی اونٹ کو ذبح کرنے کا فیصلہ کیا گیا، لگتا تھا جیسے اسے معلوم ہو گیا ہو کہ کیا ہونے والا ہے۔ وہ زور سے چیخنے لگا۔

When the victim was killed, the liquid in its stomach was caught in a water-bag by the slave. It would be hard to think of a less appetizing drink than the greenish fluid, like thin flood, produced from this source. Even the Tuaregs made faces as they drank it. Christopher could not tackle it, parched though he was, until he had boiled it: and even then he had to hold his nose while he drank it. Somehow he got it down. Together with the camel's flesh, the unappetizing liquid kept them going for another two days.

جب شکار کو ذبح کیا گیا تو غلام نے اس کے پیٹ میں موجود سیال مادے کو مشکیزے میں بھر دیا۔ اس طرح سے حاصل کیا گیا پتلے خون کی طرح سبزی مائل مائع، سے کم بھوک لگانے والے مشروب کے بارے میں سوچنا ناممکن ہو گا۔ حتیٰ کہ تورگوں نے بھی اسے پیتے ہوئے منہ بنایا۔ اگرچہ کرسٹوفر پیاسا تھا مگر جب تک اس نے ابال نہ لیا وہ اس سے نپٹ نہ سکا اور پھر بھی اسے پیتے وقت اسے (کرسٹوفر کو) اپنی ناک پکڑنا پڑی۔ تاہم اس نے کسی طرح اسے (حلق) سے نیچے اتار لیا۔ اونٹ کے گوشت اور غیر مرغوب سیال مادے نے اس کو اگلے دو دن تک سفر جاری رکھنے کے قابل بنایا۔

The region through which they were passing was known as the Land of Thirst and Death, and the name was well chosen. It was an area notorious for sandstorms as well as for dried-up waterholes. Christopher soon experienced one of them. Shortly after the midday stop on the following day, the camels all instinctively turned off their course to the right, making for the nearest depression in the waste of sand. The reason presently became clear to Christopher as he gazed at the horizon.

"It was incredible. The dunes seemed to be oh fire, the peaks were melting away and the whole horizon was changing shape. Then as it started to get dark I heard a sound like wing blowing through the leaves of a tree."

وہ علاقہ جس میں سے وہ گزر رہے تھے پیاس اور موت کی سرزمین کہلاتا تھا۔ اور یہ نام خوب چنا گیا۔ یہ ایک ایسا علاقہ تھا جو ریت کے طوفانوں اور خشک کنوؤں کے لیے بدنام تھا۔ کرسٹوفر کو جلد

ہی ان میں سے ایک کا تجربہ ہوا۔ اگلے دن دوپہر کے قیام کے بعد اونٹوں نے قدرتی طور اپر اپنا راستہ دائیں جانب موڑ دیا اور ریت کے اس جنگل میں قریب ترین گڑھوں کی جانب جانے لگے۔ جب اس نے دور آسمان کی طرف دیکھا تو وجہ اس کی سمجھ میں آگئی۔ "یہ ناقابل یقین تھا۔ ریت کے ٹیلے چلتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے۔ چوٹیاں پگھل رہی تھیں اور افق (آسمان) کی شکل تبدیل ہو رہی تھی۔ پھر اندھیرا چھانا شروع ہو گیا اور مجھے ایسے سنائی دیا جیسے ہوا درختوں کے پتوں سے گزر رہی ہو۔"

His companions made signs for him to hide himself behind his camel and cover his head. He did so, but the force of the storm when it struck was too great to be avoided. "Even with the camel's body as a shield, I could feel the impact of the wall of sand that came streaming along the earth. The wind found even the smallest opening in my clothes, and the sand felt like little needles."

There was nothing he could do but crouch down waiting for the storm to finish, while the sand steadily piled up on top of him. He found himself recalling a true story that just such a sandstorm, many years earlier, had completely buried a huge caravan of 1200 camels without leaving a trace of them.

اس کے ساتھیوں نے اسے اشارہ کیا کہ وہ خود کو اونٹ کے پیچھے چھپا لے اور اپنے سر کو ڈھانپ لے۔ اس نے ایسا ہی کیا۔ لیکن جب طوفان ٹکراتا تھا تو اس کی طاقت اتنی تھی کہ اس سے بچنا ممکن نہیں تھا۔ حتیٰ کہ اونٹ کے جسم کی ڈھال کے باوجود میں ریت کی اس دیوار کے اثر کو محسوس کر سکتا تھا جو زمین کے ساتھ بہتی چلی آ رہی تھی۔ ہوا نے میرے کپڑوں کے چھوٹے چھوٹے سوراخوں کو بھی ڈھونڈ لیا اور ریت چھوٹی سوئیوں کی طرح چبھ رہی تھی۔ طوفان تھم جانے کے انتظار میں دبک کر بیٹھنے کے علاوہ کچھ نہیں، وہ کچھ نہیں کر سکتا۔ جبکہ ریت لگاتار اس پر ڈھیر لگا رہی تھی۔ اسے ایک سچا واقعہ یاد آگیا کہ کئی سال پہلے 1200 اونٹوں کے ایک بڑے قافلے کو ایسے ہی ایک طوفان نے مکمل طور پر دفن کر دیا تھا اور ان کا کوئی نشان تک نہ ملا۔

The present storm fortunately was less drastic, and lasted only half an hour. But they all had seventy five millimeters of sand completely covering them; and it did not need much

imagination to understand how a party could easily be buried and suffocated.
Kidal was the last town on his route before Timbuktu itself; but there were still over 450 kilometres of grim desert to be crossed. This proved to be the loneliest and most arduous stage of the whole desert crossing.
The stress of desert travel had affected him physically. His hand had become so cracked that he could hardly use his camera. To add to his troubles, he took his camel one day across a huge slab of rock on a slight incline. Then he realized that it was covered with tiny stones. His camel fell heavily, knocking him off its back; and though it was not really injured, it was so shocked and frightened that he could not ride it for some time, but had to follow it on foot.

خوش قسمتی سے موجودہ طوفان کی شدت کم تھی اور صرف آدھے گھنٹے تک جاری رہا۔ مگر 75 ملی میٹر ریت نے انہیں مکمل طور پر ڈھانپ دیا تھا اور اس چیز کو سمجھنے کے لیے اب انہیں زیادہ سوچنے کی ضرورت نہیں تھی کہ کیسے ایک گروہ آسانی سے دفن ہو سکتا ہے اور ان کا دم گھٹ سکتا ہے۔

Timbuktu سے پہلے کڈال آخری قصبہ تھا لیکن ابھی بھی 450 کلو میٹر سے زیادہ خوفناک صحرا کو پار کرنا باقی تھا۔ یہ سارے صحرا کو پار کرنے کا ویران ترین اور انتہائی مشکل مرحلہ ثابت ہوا۔ صحرائی سفر کی فکر نے اسے جسمانی طور پر متاثر کر دیا تھا۔ اس کے ہاتھ اتنے پھٹ گئے تھے کہ وہ مشکل سے اپنا کیمرہ استعمال کر سکتا تھا۔ اپنی مشکلات میں اضافہ کرتے ہوئے وہ ایک دن اپنے اونٹ کو ایک معمولی ڈھلوان پر ایک بڑی چٹان کے اس پار لے گیا۔ پھر اس نے محسوس کیا کہ وہ چھوٹے چھوٹے پتھروں سے ڈھکی ہوئی ہے۔ اس کا اونٹ اسے پیٹھ پر سے گراتے ہوئے گر گیا۔ اگرچہ وہ زخمی نہ ہوا مگر وہ اتنا خوفزدہ ہو گیا کہ وہ کچھ دیر اس پر سوار نہ ہو سکا۔ مگر وہ اس کے ساتھ پیدل چلتا رہا۔

Another little incident served as a reminder that the desert has many ways of destroying its victims. Christopher was helping to gather stones to place in the fire, for the kettle or pan to stand on. He picked up one large rock to find a four-foot snake coiled under it. It uncoiled rapidly and struck, but he managed to jump back just in time to avoid the deadly fangs. The guide's slave killed it with a stone, indicating by gestures that it was a very poisonous specimen. A day later he caught his first glimpse of

Timbuktu. He had reached his goal at last and his journey had taken him across 3200 kilometres of desert.

ایک اور چھوٹے سے واقعے نے اسے اس بات کی یاد دہانی کرا دی کہ صحرا کے پاس اپنے شکار کو تباہ کرنے کے کئی راستے (طریقے) ہوتے ہیں۔ کرسٹوفر آگ میں رکھنے کے لیے پتھر اکٹھے کرنے میں مدد کر رہا تھا۔ تاکہ ان پر کیتلی یاPanرکھ سکے۔ کرسٹوفر نے ایک بڑا پتھر اٹھایا تو اس کے نیچے ایک چار فٹ لمبا سانپ گول دائرے میں بیٹھا تھا۔ اس نے تیزی سے دائرہ کھولا اور حملہ کر دیا۔ مگر وہ بر وقت پیچھے کودا اور اس کے ہلاک خیز دانتوں سے بچ گیا۔ غلام گائڈ نے اسے پتھر سے مارا اور اشارے سے بتایا کہ یہ ایک زہریلی قسم کا تھا۔ ایک دن بعد اسے Timbuktu کی پہلی جھلک دکھائی دی۔ آخر کار وہ اپنی منزل پر پہنچ گیا تھا اور اس صحرا میں 3200 کلومیٹر کا سفر طے کر لیا تھا۔

This was the end of his main journey; but it was by no means the end of his adventures. The stay in Timbuktu had enabled him to recover some of the weight he had lost in the desert, and he was beginning to feel fit and well. He experienced a curious longing to see some more of the strange and mighty desert before leaving the country, perhaps for good.

A sudden decision was made. He sent a telegram to Professor Claude Balanguernon in Tamanrasset, and then flew rapidly eastward by plane, partly across the Land of Thirst and Death across which he had so painfully toiled. From Agades he travelled north to meet Balanguernon, partly in a hired jeep with a French Lieutenant, partly by camel.

یہ اس کے بڑے سفر کا اختتام تھا مگر کسی بھی لحاظ سے اس کی مہم کا اختتام نہیں تھا۔ Timbuktu میں قیام کے دوران اس نے اپنا وزن بحال کیا جو صحرائی سفر کے دوران اس نے کھویا تھا اور وہ خود کو تندرست اور بہتر محسوس کرنے لگا۔ اس کے اندر ایک عجیب سی خواہش نے جنم لیا وہ اس علاقے کو خیر باد کہنے سے پہلے اس عجیب اور عظیم صحرا کے کچھ حصے دیکھ لے۔ اچانک فیصلہ کیا گیا۔ اس نے تمن راست میں پروفیسر کلاڈ بیلنگرنن کو ٹیلیگرام بھیجا اور پھر تیزی سے جہاز کے ذریعے مشرق کی طرف روانہ ہو گیا۔ وہ جزوی طور پر موت اور پیاس کی اس سرزمین کے اوپر سے گزر رہا تھا جسے پار کرنے کے لیے اس نے تکلیف دہ حد تک محنت کی تھی۔ پروفیسر بیلنگرنن سے ملنے کے لیے اس نے

آگادیس سے شمال کی طرف سفر کیا۔ اس نے یہ کچھ سفر ایک لیفٹیننٹ کے ساتھ کرائے کی جیپ میں اور کچھ اونٹ کے ذریعے کیا۔

The arrangement was that the Professor would drive south in his jeep from Tamanrasset to a well at In Abbangarit, where Christopher would wait for him. If Christopher had not after all reached it by the appointed day, then Balanguernon would continue south on the primitive road towards Agades.

Unfortunately the caravan with which Christopher was travelling insisted on making a lengthy detour to water their camels at a well, some distance from the road. The American insisted on getting back to the road again as soon as possible; expressing himself vigorously to the leader by signs as they could not speak each other's language. But by the time they got back to the road two days had been lost.

The caravan presently left the route, but a boy acted as a guide to lead Christopher to the well at In Abbangarit. It was reached just at nightfall, and the following morning the boy went back, leaving Christopher alone to await the arrival, as he supposed, of the Professor from the north.

منصوبہ اس طرح طے پایا کہ پروفیسر اپنی جیپ میں تمن راست سے جنوب کی طرف روانہ ہو کر " ان آبن گیرت " میں کنوئیں پر پہنچے گا۔ جہاں کرسٹوفر اس کے انتظار میں ہو گا۔ اگر کرسٹوفر وہاں نہ پہنچا تو پھر بیلنگرنن آگادیس جانے والی پرانی سڑک پر جنوب کی جانب سفر جاری رکھے گا۔

بد قسمتی سے وہ قافلہ جس کے ساتھ کرسٹوفر سفر کر رہا تھا سڑک سے کچھ فاصلے پر ایک کنوئیں سے اپنے اونٹوں کو پانی پلانے کے لیے راستے سے ہٹ کر لمبا چکر کاٹنے پر بضد ہو گیا۔ کیونکہ کرسٹوفر اور قافلے کا سردار ایک دوسرے کی زبان نہیں جانتے تھے۔ اس لیے امریکی (کرسٹوفر) نے سردار کو اشاروں میں پرزور انداز میں کہا کہ ان کو جتنا جلدی ہو سکے دوبارہ سڑک پر پہنچنا چاہیے۔ مگر جس وقت وہ سڑک پر پہنچے دو دن گزر چکے تھے۔ قافلے نے جلد ہی وہ راستہ چھوڑ دیا مگر ایک لڑکے نے کرسٹوفر کو ان آبن گیرت میں کنوئیں تک لے جانے کے رہنما کا کردار ادا کیا۔ وہ رات کے شروع ہوتے ہی وہاں پہنچ گئے۔ اور اگلی ہی صبح لڑکا کرسٹوفر کو شمال کی طرف سے پروفیسر کی آمد کے انتظار میں چھوڑ کر چلا گیا۔ جیسا کہ اس (کرسٹوفر) کا خیال تھا پروفیسر شمال کی طرف سے آئے گا۔

There is no village at In Abbangarit. The only building is a bordj, which is a simple mud structure consisting of a roof and four walls, with one hole to serve as a window and another to serve as a door. The well is about 275 metres away.
When he reached it he had a shock. There was water there all right - but it was a good 46 metres below, and there was neither rope nor bucket!
He returned to the bordj and searched his pack. The only possible container to bring up the water was a small metal teapot, which would carry about half a cupful of liquid at a time if a line was tied to the handle and the spout plugged, up.
A line tied to the handle.....but where was the line?

"ان آبن گیرت" میں کوئی گاؤں نہیں ہے، وہاں کی واحد عمارت برج ہے جو ایک چھت اور چار دیواروں پر مشتمل ایک سادہ کچی عمارت ہے۔ جس میں ایک سوراخ کھڑکی کا اور دوسرا دروازے کا کام کرتا ہے۔ کنواں قریباً 275 میٹر دور ہے۔ جب وہ کنوئیں پر پہنچا تو اسے پریشانی ہوئی۔ وہاں پانی تو تھا، پورے 56 میٹر نیچے تھا اور نہ وہاں رسی تھی اور نہ بالٹی۔ وہ برج میں واپس آیا اور اپنے سامان کی تلاشی لی۔ پانی کو اوپر لانے کے لیے واحد ممکنہ برتن ایک چھوٹی سی دھاتی چائے دانی تھی۔ جو ایک وقت میں قریباً آدھا کپ مائع نکال سکتی تھی۔ اگر دستے سے ڈوری باندھی جاتی اور ٹونٹی بند کر دی جاتی تو۔۔۔ دستے سے اگر ڈوری باندھی جائے تو۔۔۔ مگر ڈوری کہاں تھی؟

Fastening together all the available bits of cord and articles of clothing he could at first make only 8 metres. On an inspiration he tore the urban he was wearing into four strips. Still the teapot reached no more than half-way down the well.
What else? His sleeping-bag? No, for it was now the winter season, which meant that the nights were bitterly cold, although the days, by normal standards, were still unbearably hot. Without a sleeping-bag or blanket he would freeze to death.
That night he lay in his sleeping-bag picturing himself dying of thirst and hunger if the Professor did not arrive in the next day or two.

رسی کے ٹکڑوں اور کپڑے وغیرہ باندھ کر اس نے 8 میٹر ڈوری تیار کی۔ جوش میں اس نے پگڑی جو اس نے پہن رکھی تھی، اس کے چار ٹکڑے کر دیئے۔ ابھی بھی چائے دانی کنوئیں میں آدھے سے زیادہ نیچے تک نہ گئی اور کیا؟ اس کام سونے کا بیگ؟ (نہیں) نہیں۔ کیونکہ اب سردی کا موسم تھا جس

جس نے سوچا کہ کرسٹوفر آگا دیس کی طرف چلا گیا تھا۔ آگا دیس پہنچ کر انہیں مقامی آدمی کی غلطی کا پتہ چلا تو بیلنگرنن کو احساس ہوا کہ ضرور کرسٹوفر ان سے سڑک پر ملنے سے رہ گیا اور اب وہ شاید ان آبن گیرت کے مقام پر خوراک کی قلت کے ساتھ ان کا انتظار کر رہا ہو گا۔ اس نے بڑی سمجھداری سے صحرائی گشت کرنے والوں سے رابطہ کیا اور انہیں آگا دیس سے شمال کی طرف صحرا کا معائنہ کرنے کو اور خاص طور پر ان آبن گیرت جا کر دیکھنے کے لیے چار ٹرک روانہ کر دیے۔ اس کی بصیرت نے کرسٹوفر کی زندگی بچائی اور مشکل صحارا کے سفر کا اختتام صحرا کے وسط میں کسی ریتلی قبر میں ہونے کی بجائے ہوگر کے علاقے میں واپس پہنچ کر ہوا۔

Q1: Give an idea of the size of the Sahara. How does it compare with England?

Ans: If a giant were to pick England up and put it down in the middle of the Sahara desert, we should have quite a task to find it. The full Sahara area, stretching almost the complete width of North Africa, is many times the size of Great Britain.

Q2: What had Christopher's foster mother to do with his desire to see distant places?

Ans: When he was a child, every time he was naughty, his foster-mother used to threaten to send him to Timbuktu (an ancient city in the heart of French Africa). Instead of alarming him, the idea aroused in him a keen desire to see this distant place.

Q3: How did he manage to get a seat in the weapons carrier?

Ans: Fast moving weapons' carrier over took them. Christopher stopped it and begged the lieutenant in charge to relieve him from the misery of slowly baking to death at twenty miles an hour. The lieutenant pointed out those strict military regulations forbade the carrying of civilians. Christopher replied by producing a permit from the War Ministry giving him permission to join the French Foreign Legion for a short period in order to collect material for an article. The permission had later been withdrawn, but fortunately the lieutenant did not turn the paper over and see the "Cancelled" stamp.

Q4: What was the most noticeable feature of the desert city, named Ghardaya?

Ans: Ghardaya, a typical desert city, the flies found there were more numerous and stickier than they were anywhere else. Anything that had a remotest relationship with food was always covered with flies. They had no hesitation in following the food right into your mouth and one had to be vigilant until mouthful was behind one's teeth. Many children, with their faces covered with the masks of flies, were seen in streets.

Q5: How did they manage to drive the heavy truck in the trackless desert with its soft sand?

Ans: It was difficult travelling. At times the sand became too soft to bear the weight of the heavy truck. It was then necessary to stop at once. If the wheels had been allowed to spin they would have dug themselves deeper. Ten-foot strips of steel mesh were dragged from the truck and placed together to make a runway for the wheels to bite on as the truck moved. When it reached harder ground the strips were collected up and dragged forward to the waiting truck. Christopher performed useful service in helping the greaser with this arduous operation.

Q6: What did the driver of the truck tell Christopher about three Englishmen who had attempted to cross the desert?

Ans: The driver added to the discomfort of the journey by relating details of a recent case in which three English people had attempted to cross a part of the desert in a car with only one day's water-supply. Their car had been stuck in a sand dune, and three days later their bodies were found dried up like leaves. They had drained the radiator in their desperate thirst, and one of them tried to drain the oil from the crank-case. He had been one of the search party, and he spared his listener none of the grim details.

Q7: Give an account of the little town, named El-Golea, and compare it with In Salah, bringing out the difference between the two.

Ans: El Golea was a fascinating little town, a true oasis, with so much water available that they hardly knew what to do with it. We very day of the week that he was there, Christopher spent hours bathing in a little pool half a kilometer away from the centre of the town. On the other hand, in Salah was full of desert. In Salah is fighting a desperate battle of survival and

perhaps losing the contest. The sand is constantly encroaching the town.

Q8: What do you know of Professor Claude Balanguernon?

Ans: Claude Balanguemon was a French man and professor by profession. He taught taureg people. He was a friend of Christopher and helped him a lot during his tour to the Sahara desert.

Q9: Describe the events leading to the killing of a camel. What sort of water did they get from its stomach?

Ans: On his way to Kidal, Christopher two Taurags and a slave ran short of water. They went to one waterhole, it was empty. The next was two days away and the travelers had neither food nor water. They decided to kill a camel and get water. A camel was killed and the water that they got of it, was hard to drink but they managed to drink it, that is how they survived.

Q10: Describe the journey through the land of Thirst and Death.

Ans: Before searching Timbuktu, they passed through the desert area named Kidal. It was rightly called the land of thirst and death. The area was notorious for sand storms and dried up waterhole. While collecting stones to place in the fire, for the kettle or pan to stand on. He (Christopher) found a snake and was hardly saved from it.

Q11: Describe the stay at In Abbangarit. How did Christopher manage to get water there?

Ans: In Abbangarit, there was no building and the only mud structure building was a bordj. Christopher had no bucket and rope to get water from well. He had a recording machine with a long wire. He made a rope of it and managed to take water out of a well by tying the teapot with this wire-rope.

Additional Questions Answers

Q1: Why was In Salah losing its identity?

Ans: In Salah was sinking in the ocean of the sand. Most parts were disappearing. Palm trees, those once stood high, were now like bushes. Some were completely covered with sand. Christopher had to bend down to pick some dates off the trees.

Q2: How did Christopher saved him from the sand storm?

Ans: His companions made signs for him to hide, himself behind his camel and cover his head. He did so, but the force of the storm when it struck was too great to be avoided. Even with the camel's body as a shield, he could feel the impact of the wall of sand that came streaming along the earth. The wind found even the smallest opening in my clothes, and the sand felt like little needles. There was nothing he could do but crouch down waiting for the storm to finish, while the sand steadily piled up on top of him. He found himself recalling a true story that just such a sandstorm, many years earlier, had completely buried a huge caravan of 1200 camels without leaving a trace of them.

Multiple Choice Questions

1. To place steel mesh under the wheels of truck was arduous. The underlined word means

A. Ordinary
B. Hard
C .Easy
D. Comfortable

2. The desert was encroaching in In Salah. The underlined word means

A. Crawling
B. Engulfing
C. Appreciating
D. None of these

3. For what purpose Camel was slaughtered?

A. For water
B. For food
C. For minimizing the animals
D. For meat

4. Choose the correct spelling

A. Wanderlust
B. Wonderlust
C. Wenderlust
D. Wandarlust

5. The boy wants to go home. The underlined phrase is a/an

A. Verb phrase
B. Noun phrase
C. Adverb phrase
D. Prepositional phrase

6. He talked to me in a rude manner. The underlined part is a/an

A. Noun phrase
B. Adverb clause
C. Adverb phrase
D. Prepositional phrase

7. He is poor but he does not beg. The underlined part is a/an

A. Subordinate clause
B. Coordinate clause
C. Noun phrase
D. Adjective phrase

Answers:

1.B	2.B	3.A	4.A	5.B	6.C
7.B					